DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

FRIDAY, SEPTEMBER 12, 2025

جلد نمبر 31 | جمعۃ المبارک 18 ربیع الاول 1447ھ 12 ستمبر 2025ء 28 بھادوں 2082 ب | شمارہ 190

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 12 قیمت 35 روپے

وفاقی محتسب کی ہدایت پر تلہ گنگ میں کھلی کچہری

واپڈا اور سوئی گیس کیخلاف شہری پھٹ پڑے، ایڈوائزر وفاقی محتسب کے فوری احکامات

تلہ گنگ (نمائندہ دنیا) ایم سی جناح ہال میں ایڈوائزر وفاقی محتسب میجر جنرل ہارون پاشا نے کھلی کچہری کا اہتمام کیا، وفاقی اداروں کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ کھلی کچہری میں عوام کی بڑی تعداو شریک ہوئی اور وفاقی محکموں سے متعلق شکایات سے آگاہ کیا۔ واپڈا اور محکمہ سوئی گیس سے متعلق سب سے زیادہ شکایات پیش کی گئیں، جس پر ایڈوائزر وفاقی محتسب نے ان کے ازالہ کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ تلہ گنگ میں پاسپورٹ آفس کیلئے بھی درخواست دی گئی جس پر متعلقہ اتھارٹی سے جواب طلب کرلیا۔ بکھاری ٹول پلازہ کا معاملہ اٹھایا گیا جس پر ایڈوائزر نے این ایچ اے سے جواب طلب کرلیا۔ اس کے علاوہ مختلف جگہوں پر قائم ٹول پلازوں کے معاملے پر بھی نوٹس لینے کی یقین دہانی کرائی گئی۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk
SATURDAY, SEPTEMBER 6, 2025
ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا اسلام آباد
جلد نمبر 31 | ہفتہ 12 ربیع الاول 1447ھ 6 ستمبر 2025ء 22 بھادوں 2082ب | شمارہ 185
فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 26 قیمت 45 روپے

وفاقی محتسب کی ہدایت، ماحولیاتی کلیئرنس کیلئے لمبی قطاروں کا خاتمہ

صرف 2015 ماڈل تک کی گاڑیوں کی کلیئرنس کی جارہی ہے، اسلام آباد انتظامیہ

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیئرنس کیلئے لمبی قطاروں کا خاتمہ ہوگیا، انہوں نے ضلعی انتظامیہ کو آئندہ کے لئے مربوط آگاہی پروگرام اور پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی سے رابطے کی بھی ہدایت کی ہے۔ وفاقی محتسب نے متعدد شکایات پر ضلعی انتظامیہ اور تحفظ ماحولیات کے ذمہ داران کو طلب کر کے وفاقی محتسب کے رجسٹرار کو انویسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا تھا، یہ بات سامنے آئی کہ ماحولیاتی کلیئرنس کی چیکنگ اور سرٹیفکیٹ وغیرہ جاری کرنا ای پی اے کا مینڈیٹ ہے لیکن ضلعی انتظامیہ نے گاڑیوں پر سٹکرز لگانے کی مہم شروع کر دی اور کئی دنوں تک بزرگ شہریوں، خواتین اور عام لوگوں کو گھنٹوں لائنوں میں لگا کر پریشان کیا، اس حوالے سے کوئی آگاہی مہم چلائی اور نہ ہی یہ بتانے کی زحمت کی کہ کس ماڈل اور مینوفیکچرنگ سال تک کی گاڑیوں کی کلیئرنس ہوگی۔ وفاقی محتسب کے نوٹس کے بعد متعلقہ ادارے نے واضح کر دیا کہ صرف 2015 ماڈل تک کی گاڑیوں کی کلیئرنس کی جارہی ہے، جس کے بعد لمبی قطاروں کا خاتمہ ہوگیا ہے۔

www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
LOCAL EDITION FRIDAY SEPTEMBER 12, 2025
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962444-5962449 فیکس 5962277
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 12 قیمت 35 روپے
جلد 67 جمعہ 18 ربیع الاوّل 1447ھ 12 ستمبر 2025ء 28 بھادوں 2082ب نمبر 249

اسلام آباد: وفاقی محتسب کے افسران تلہ گنگ میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں

محتسب کھلی کچہری، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات کی بھرمار

کھلی کچہری میں بیشتر شکایات موقع پر ہی حل کرادی گئیں۔ کرپشن شکایات پر انکوائری کا حکم

اسلام آباد (طاہر خلیل) محتسب کھلی کچہری ،وفاقی اداروں کے خلاف شکایات کی بھرمار ،کھلی کچہری میں بیشتر شکایات موقع پر ہی حل کرادی گئیں۔ کرپشن شکایات پر انکوائری کا حکم، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈ وائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا، کنسلٹنٹ خالد سیال اور رابطہ افسر حسین احمد بخاری پر مشتمل ٹیم نے گزشتہ روز تلہ گنگ میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایات جاری کرکے گیس، بجلی، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروادیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان

باقی صفحہ 9 نمبر 62

بقیہ 62

محتسب کھلی کچہری

نے وفاقی اور صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ شکایت کنندگان نے بتایا کہ شہر میں سڑکیں جگہ جگہ سے ٹوٹی ہوئی ہیں اور بجلی کے متعدد کھمبے گرے ہوئے ہیں جن کی بحالی کے لئے متعدد درخواستوں کے باوجود محکمہ کوئی کارروائی نہیں کررہا نیز بجلی کے اہلکار رشوت کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے۔ ایک شکایت گزار نے بتایا کہ ایک لائن مین نے جلا ہوا ٹرانسفارمر بحال کرنے کے لئے اپنے ذاتی اکاؤنٹ میں اس سے پیسے منگوائے لیکن ٹرانسفارمر بحال نہیں ہوا۔ وفاقی محتسب کے ادارے نے اس کے خلاف انکوائری کا حکم دیا۔ متعدد شکایات بجلی کی تاریں مکانات کے اوپر سے گزرنے کے بارے میں تھی، جنہیں اٹھانے کا حکم دیا گیا۔ زیادہ تر شکایات بجلی کے کنکشن اور ٹرانسفارمر نہ لگانے، زائد بلوں، گیس کے کنکشن میں تاخیر، شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر اور بلاک ہونے نیز بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ وفاقی اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے جب کہ صوبائی اداروں سے متعلق شکایات صوبائی محتسب اور ضلعی انتظامیہ کو بھجوادیں۔

ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ☆

★★★★★★ اسلام آباد راولپنڈی ملتان مظفر آباد کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا موثر ترین قومی اخبار 2331689-90 ☎

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 34 | جمعۃ المبارک 12 ستمبر 2025ء، 18 ربیع الاول 1447ھ، 28 بھادوں 2082 ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 129

وفاقی محتسب کے افسران تلہ گنگ میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں

وفاقی محتسب کی تلہ گنگ میں کھلی کچہری، شکایات سن کر احکامات جاری

ذاتی اکاؤنٹ میں پیسے منگوانے والے لائن مین کیخلاف انکوائری کرنے کا حکم

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا، کنسلٹنٹ خالد سیال اور رابطہ افسر حسین احمد بخاری نے گزشتہ روز تلہ گنگ میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایات جاری کر کے گیس، بجلی، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروا دیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے وفاقی اور صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ شکایت کنندگان نے بتایا کہ شہر میں سڑکیں جگہ جگہ سے ٹوٹی ہوئی ہیں اور بجلی کے متعدد کھمبے گرے ہوئے ہیں جن کی بحالی کے لئے متعدد درخواستوں کے باوجود محکمہ کوئی کارروائی نہیں کر رہا نیز بجلی کے اہلکار رشوت کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے۔ ایک شکایت گزار نے بتایا کہ ایک لائن مین نے جلا ہوا ٹرانسفارمر بحال کرنے کے لئے اپنے ذاتی اکاؤنٹ میں اس سے پیسے منگوائے لیکن ٹرانسفارمر بحال نہیں ہوا۔ وفاقی محتسب کے ادارے نے اس کے خلاف انکوائری کا حکم دیا۔ متعدد شکایات بجلی کی تاریں مکانات کے اوپر سے گزرنے کے بارے میں تھی، جنہیں اٹھانے کا حکم دیا گیا۔ زیادہ تر شکایات بجلی کے کنکشن اور ٹرانسفارمر نہ لگانے، زائد بلوں، گیس کے کنکشن میں تاخیر، شناختی کارڈ کے اجرا میں تاخیر اور بلاک ہونے نیز بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ وفاقی اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے جب کہ صوبائی اداروں سے متعلق شکایات صوبائی محتسب اور ضلعی انتظامیہ کو بھجوا دیں۔ کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران، ضلعی انتظامیہ کے افسران اور میڈیا کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کے افسران نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے میڈیا کے نمائندوں کی شکایات اور تجاویز سننے کے بعد ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کی وجہ سے عوام الناس میں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی پیدا ہو رہی ہے اور وفاقی محتسب میں آنے والی شکایات میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے۔

وفاقی محتسب